PDF Compressor Free Version

# تربیتی نصاب

## حصہ سوم

### برائے مکاتبِ قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

١ قرآن کریم کا نصاب ٢ ایمانیات و عبادات ٣ احادیث و مسنون دعائیں

٤ سیرت و اخلاق و آداب ٥ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب



جمع و ترتیب
علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

زیرِ سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دارالعلوم کراچی

دعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ سوم کا خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | حفظ سورۃ | سورۃُ التَّکَاثُرِ تا سُوْرَۃُ الْقَدْرِ (چھ سورتیں) |
| | ناظرہ | پانچ پارے (مکمل) الٓمّٓ تا وَالْمُحْصَنٰتُ |
| ایمانیات و عبادات | کلمے۔ اسمائے حسنیٰ | دہرائی۔ ایمان مجمل۔ ایمان مفصل۔ اسمائے حسنیٰ "اَلْجَلِیْلُ" سے "اَلْمُؤَخِّرُ" تک۔ |
| | عقائد | انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ رسالت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ ختم نبوت۔ قرآن کریم۔ |
| | طہارت و نماز | استنجا کا بیان۔ وضو کے احکام۔ وضو کی سنتیں۔ وضو کے مستحبات۔ اذان واقامت کا جواب۔<br>نماز کے واجبات۔ نماز کی سنتیں۔ نماز کے مستحبات۔ |
| احادیث و مسنون دعائیں | آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ | گزشتہ کی دہرائی۔ ● نیت کی اہمیت ● فجر کی نماز کی فضیلت<br>● مسلمانوں کو گالی دینے کی ممانعت ● رشوت کا وبال ● دین سراسر خیر خواہی<br>● دعا کی فضیلت ● اچھے اخلاق کی فضیلت ● زیادہ ہنسی سے بچنا۔ |
| | (۱۰) مسنون دعائیں | گزشتہ کی دہرائی۔ ● جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں ● جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں۔<br>● اذان کے بعد کی دعا ● کپڑے پہننے کی دعا ● نئے کپڑے پہننے کی دعا۔<br>● مسلمان کو نئے کپڑے پہنے دیکھیں تو یہ دعا دیں ● دعوت کھانے کے بعد کی دعا۔<br>● سواری پر سوار ہونے کی دعا ● جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں ● سفر سے لوٹنے کی دعا۔ |
| سیرت و اخلاق وآداب | سیرت | ہجرت حبشہ۔ غم کا سال۔ طائف کا سفر۔ معراج۔ مدینہ منورہ۔ ہجرت۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں۔ مہاجرین اور انصار۔ مدینہ منورہ کے حالات۔ |
| | اخلاق وآداب | بیت الخلا کے آداب۔ کتابوں کا ادب۔ صفائی کے آداب۔ لباس کے آداب۔ سلام کے آداب۔<br>مصافحے کے آداب۔ جانوروں کے ساتھ حسن سلوک۔ |
| زبان | عربی | عربی میں ساٹھ تک گنتی۔ خاندان۔ جانور۔ پرندے۔ |
| | اردو | حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ ابلیس کا تکبر۔ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام جنت میں۔ ابلیس انسانوں کا دشمن۔ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توبہ اور معافی۔ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد۔<br>سوال جواب کی صورت میں اسلامی معلومات۔ |
| بیان | بیان ودعا | دو بیان اور تین قرآنی دعائیں۔ |

PDF Compressor Free Version



# فہرستِ مضامین


| | |
|---|---|
| کلماتِ تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی) | 6 |
| دعائیہ کلمات (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مقدمہ | 10 |
| نظام الاوقات | 12 |
| حمد | 13 |
| نعت | 14 |
| **ناظرہ قرآن کریم کا نصاب** | 15 |
| **حفظ سورۃ کا نصاب** | 17 |
| **ایمانیات** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 19 |
| ایمانِ مجمل | 21 |
| ایمانِ مفصل | 21 |
| اسمائے حسنیٰ | 22 |
| انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام | 25 |
| رسالت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم | 25 |
| ختم نبوت | 26 |
| قرآن کریم | 27 |
| **عبادات** | |
| استنجا کا بیان | 29 |
| وضو کے احکام | 29 |
| وضو کی سنتیں | 29 |
| وضو کے مستحبات | 30 |
| اذان واقامت کا جواب | 31 |
| نماز کے واجبات | 31 |
| نماز کی سنتیں | 33 |
| نماز کے مستحبات | 35 |
| **احادیث** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 36 |
| نیت کی اہمیت | 40 |
| فجر کی نماز کی فضیلت | 41 |
| مسلمانوں کو گالی دینے کی ممانعت | 41 |
| رشوت کا وبال | 42 |
| دین سراسر خیر خواہی | 42 |
| دعا کی فضیلت | 43 |
| اچھے اخلاق کی فضیلت | 43 |
| زیادہ ہنسی سے بچنا | 43 |
| **مسنون اذکار دعائیں** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 44 |
| جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں | 52 |
| جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں | 52 |
| اذان کے بعد کی دعا | 53 |
| کپڑے پہننے کی دعا | 53 |
| نئے کپڑے پہننے کی دعا | 54 |
| مسلمان کو نئے کپڑے پہنے دیکھیں تو یہ دعا دیں | 54 |
| دعوت کھانے کے بعد کی دعا | 55 |
| سواری پر سوار ہونے کی دعا | 55 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| | |
|---|---|
| جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں | 56 |
| سفر سے لوٹنے کی دعا | 56 |
| **سیرت** | |
| ہجرت حبشہ | 57 |
| غم کا سال | 58 |
| طائف کا سفر | 58 |
| معراج | 59 |
| مدینہ منورہ | 60 |
| ہجرت | 61 |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں | 62 |
| مہاجرین اور انصار | 62 |
| مدینہ منورہ کے حالات | 63 |
| **اخلاق و آداب** | |
| بیت الخلا کے آداب | 64 |
| کتابوں کا ادب | 66 |
| صفائی کے آداب | 67 |
| لباس کے آداب | 68 |
| سلام کے آداب | 69 |
| مصافحے کے آداب | 70 |
| جانوروں کے ساتھ حسن سلوک | 71 |
| **عربی زبان** | |
| اَلْاَعْدَادُ (گنتی) | 73 |
| اَعْضَاءُ الْجِسْمِ (جسم کے اعضا) | 75 |
| اَلْاُسْرَةُ (خاندان) | 76 |
| اَلْحَيْوَانَاتُ (جانور) | 77 |
| اَلطُّيُوْرُ (پرندے) | 79 |
| **اردو زبان** | |
| حضرت آدم عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ | 79 |
| ابلیس کا تکبر | 80 |
| حضرت آدم عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ جنت میں | 81 |
| ابلیس انسانوں کا دشمن | 82 |
| حضرت آدم عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ کی توبہ اور معافی | 83 |
| حضرت آدم عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ کی اولاد | 84 |
| **سوال و جواب کی صورت میں اسلامی معلومات** | 85 |
| **بیان و دعا** | 89 |
| عمل چارٹ پُر کرنے کا طریقہ | 93 |
| پہلے مہینے کے سوالات | 121 |
| دوسرے مہینے کے سوالات | 121 |
| تیسرے مہینے کے سوالات | 122 |
| چوتھے مہینے کے سوالات | 122 |
| پانچویں مہینے کے سوالات | 122 |
| چھٹے مہینے کے سوالات | 123 |
| ساتویں مہینے کے سوالات | 123 |
| آٹھویں مہینے کے سوالات | 124 |
| نویں مہینے کے سوالات | 124 |
| دسویں مہینے کے سوالات | 124 |
| **حوالہ جات** | 125 |
| طالب علم کی نماز کی ڈائری | 129 |
| رمضان چارٹ | 134 |
| ماہانہ حاضری اور فیس چارٹ | 135 |
| **گزارش برائے سرپرست حضرات، معلمین/معلمات** | 136 |

PDF Compressor Free Version



# دعائیہ کلمات

## حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، جامعہ دار العلوم کراچی اور جامعہ فاروقیہ کے فضلائے کرام نے ناظرہ اور حفظ کرنے والے طلبا اور طالبات کے لیے ایک "تربیتی نصاب" بنایا ہے۔

اُمید ہے کہ یہ نصاب اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بچوں اور بچیوں کی اچھی تعلیم وتربیت کا ذریعہ ہوگا۔

مساجد کی کمیٹی کے ذمہ داران...... ائمہ مساجد اور مہتممینِ مدارس سے گزارش ہے کہ جو بچے ناظرہ قرآن کریم پڑھنے کے لیے آتے ہیں ان میں اس نصاب اور نظام کو رائج فرمائیں، اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بچے/بچیوں کی اچھی تربیت ہوگی۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے۔ ہر گاؤں، محلے اور ہر مسجد میں اس ترتیب کو قائم فرمائے اور والدین کے بھی دین پر آنے کا ذریعہ بنائے۔

اسی طرح ان فضلائے کرام نے اسکولوں میں پڑھانے کے لیے ایک کورس بنایا ہے، اسکولوں کے پرنسپل حضرات سے میری گزارش ہے کہ وہ حضرات اپنے اپنے اسکولوں میں اردو، انگریزی، حساب کے مضامین پڑھانے کے لیے ان کی کتابوں کو دیکھیں۔

اسی طرح بچوں اور بچیوں کی اصلاح کے لیے تربیتی، تعمیری مضامین پر مشتمل ماہنامہ "ذوق وشوق" نامی رسالہ شائع ہوتا ہے امید ہے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ یہ رسالہ بچوں اور بچیوں کی زندگیوں میں بہترین تبدیلی آنے کا ذریعہ بنے گا۔ میری تمام والدین اور سرپرستوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ذوق وشوق پڑھنے کی ترغیب دیا کریں۔

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم معلّمین ومعلمات کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے تربیتی نشستوں کا انعقاد کرتے رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس محنت کو بھی قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

عبدالرزاق اسکندر

PDF Compressor Free Version



# نظام الاوقات

۱ نصاب میں شامل مضامین میں سے نورانی قاعدہ/ناظرہ قرآن کریم تجوید کے ساتھ روزانہ پڑھائیں، بقیہ چار مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن ایمانیات وعبادات اور احادیث ومسنون دعائیں اور دوسرے دن سیرت واخلاق وآداب، عربی اور اردو زبان کا مضمون پڑھائیں۔

۲ مضامین پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

| پہلے دن پڑھایا جائے | اوقات |
|---|---|
| افتتاحی اجتماع (حمد) | ۵/منٹ |
| ناظرہ قرآن کریم | ۵۵/منٹ |
| حفظ سورۃ | ۵/منٹ |
| ایمانیات وعبادات | ۱۰/منٹ |
| احادیث ومسنون دعائیں | ۱۰/منٹ |

| دوسرے دن پڑھایا جائے | اوقات |
|---|---|
| افتتاحی اجتماعی (نعت) | ۵/منٹ |
| ناظرہ قرآن کریم | ۵۵/منٹ |
| حفظ سورۃ | ۵/منٹ |
| سیرت واخلاق وآداب | ۱۰/منٹ |
| زبان (عربی اور اردو) | ۱۰/منٹ |

نوٹ: بقیہ وقت میں ۱ نماز کی ڈائری دیکھیں ۲ آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات ۳ گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

نیز مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی اور اضافے کی گنجائش ہے۔

PDF Compressor Free Version



# ختم نبوت

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے دین کو مکمل کر دیا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت تک کے تمام انسانوں کے لیے نبی اور رسول بنا کر بھیجا ہے۔

📖 اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم فرما دیا ہے۔

📖 اب قیامت تک اور کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ اسی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب "خَاتَمُ النَّبِيِّين" (نبیوں کا سلسلہ ختم کرنے والے) ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ۔"[11]

☆ ترجمہ: "(مسلمانو!) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔"

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ۔"[12]

📖 ترجمہ: "میں تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔"

☆ ہمیں چاہیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کریں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقوں پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں کو بھی ان پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سبق نمبر: ۴ | چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | | |

PDF Compressor Free Version



## سبق: ۵

۲۲

## دعا کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ۔"(۲۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دُعا عبادت کا مغز ہے۔"

۲۳

## اچھے اخلاق کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"اِنَّ مِنْ اَحَبِّکُمْ اِلَیَّ اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا۔"(۲۴)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"بے شک تم میں سے میرے پسندیدہ لوگ وہ ہیں جو اچھے اخلاق والے ہوں۔"

۲۴

## زیادہ ہنسی سے بچنا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"وَلَا تُکْثِرِ الضِّحْکَ فَاِنَّ کَثْرَۃَ الضِّحْکِ تُمِیْتُ الْقَلْبَ۔"(۲۵)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اور زیادہ ہنسی سے بچتے رہو اس لیے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کرتا ہے۔"

| سبق نمبر ۵ | پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلّمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

PDF Compressor Free Version



سبق:۹

۲۳

# نئے کپڑے پہننے کی دعا

"اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَاصُنِعَ لَهٗ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَاصُنِعَ لَهٗ۔" (۳۰)

☆ ترجمہ: "اے اللہ! تیرے ہی لیے سب تعریف ہے، تو نے مجھے یہ لباس پہنایا، میں تجھ سے اس کپڑے کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے۔"

ہدایات برائے محترم معلم/معلمہ

طلبا/طالبات کو اس دعا کی یہ فضیلت بتائیں:

فضیلت: جو نیا کپڑا پہن کر یہ دعا مانگے، پھر پرانے کپڑے صدقہ کر دے تو وہ زندگی میں اور مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور امان میں رہے گا اور اس کے گناہوں پر اللہ تعالیٰ پردہ ڈال دیں گے۔

۲۴

# مسلمان کو نئے کپڑے پہنے دیکھیں تو یہ دعا دیں

"تُبْلِيْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔" (۳۱)

☆ ترجمہ: "تم پہنو اور پرانا کرو، اللہ تعالیٰ تمہیں اور دے۔"

PDF Compressor Free Version



# سبق:۳ مدینہ منورہ

- مدینہ منورہ عرب کا ایک مشہور شہر ہے۔
- اس کا پرانا نام یثرب ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نام تبدیل فرما کر "مدینہ" رکھا۔
- مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ سے تقریباً دو سو پچاس میل کے فاصلے پر ہے۔
- اس کے بہت سے نام ہیں۔ان میں سے چند یہ ہیں:

●مَدِینَه مُنَوَّرَة ●طَابَة ●طَیِّبَة ●مُحَرَّمَة ●محفُوظَة ●مُبَارَکَة۔

- مدینہ منورہ میں رہنے والے کچھ لوگ بت پرست اور کچھ یہودی تھے۔
- مدینہ منورہ میں بت پرستوں کے دو بڑے خاندان "اَوس" اور "خَزرَج" آباد تھے۔
- خزرج کے کچھ لوگ حج کے لیے مکہ مکرمہ آئے اور مسلمان ہو کر مدینہ منورہ جا کر اسلام کی تبلیغ کرنے لگے۔لہٰذا بہت سے آدمی مدینہ منورہ میں مسلمان ہو گئے۔

☆ یہ دیکھ کر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ جانے کی اجازت دی۔

☆ اس کے بعد ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین کی خاطر اپنا گھر بار چھوڑ کر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۱۰ جانوروں کے ساتھ حسن سلوک

☆ جانوروں کو راحت پہنچانا، چارہ دینا، گرمی سردی سے بچانا، ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ثواب ہے اور ان کو تکلیف دینا گناہ ہے۔

☆ جانور کو برا بھلا نہ کہیں اور لعنت بھی نہ دیں۔ (۱)

☆ نشانہ پکا کرنے کے لیے زندہ جانور کو نشانہ نہ بنائیں۔ (۲)

☆ کوئی پالتو جانور یا پرندہ مثلاً: مرغی، چوزہ، مینا، کبوتر وغیرہ گھر میں لائیں تو ان پانچ باتوں کا خیال رکھیں:

1. ان کے رہنے کی جگہ کو صاف رکھیں۔
2. ان کو وقت پر دانہ پانی دیں۔
3. وقت پر پنجرہ کھولیں۔
4. سردی گرمی سے ان کو بچانے کا مناسب انتظام کریں۔
5. ان کی دیکھ بھال میں ضرورت سے زیادہ وقت نہ لگائیں۔

کسی بھی جانور کو تکلیف نہ دیں البتہ تکلیف پہنچانے والے جانوروں کو مار سکتے ہیں۔ (۳)

☆ جانور کے چہرے پر کوئی نشان (زخم وغیرہ) نہ لگائیں۔ (۴)

☆ زندہ جانور کا کوئی عضو نہ کاٹیں۔ (۵)

جانوروں کو آپس میں نہ لڑائیں۔ (۶)

PDF Compressor Free Version



# اَلطُّيُوْرُ / پرندے

| | | | |
|---|---|---|---|
| کبوتر | حَمَامَةٌ | چڑیا | عُصْفُوْرٌ |
| مرغی | دَجَاجَةٌ | کوّا | غُرَابٌ |
| مرغا | دِيْكٌ | طوطا | بَبَّغَاءٌ |
| ھُدھُد | هُدْهُدٌ | مور | طَاءُوْسٌ |
| چیل | حِدَاَةٌ | باز | صَقْرٌ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۵ | پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی اولاد

☆ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کے دو بیٹے تھے، بڑے کا نام قابیل اور چھوٹے کا نام ہابیل تھا۔

☆ ہابیل اللہ تعالیٰ کے نیک بندے تھے اور شیطان کی دشمنی کو سمجھتے تھے۔

☆ ایک دن ہابیل و قابیل دونوں نے اللہ تعالیٰ کے لیے قربانی پیش کی، اللہ تعالیٰ نے ہابیل کی قربانی قبول کر لی۔

☆ جب قابیل نے دیکھا کہ ہابیل کی قربانی قبول ہو گئی اور میری نہیں، تو وہ بہت زیادہ غصہ ہو گیا۔

☆ آخر کار ایک دن قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا، دنیا میں یہ پہلا قتل تھا۔

☆ ہابیل کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کو بہت اولاد دی اور ان کی نسل خوب بڑھی۔

☆ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی اولاد گمراہی سے بچے اور اللہ تعالیٰ کا حکم مانے تاکہ جنت میں جائے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں سے بعض کو چن لیا اور ان کو اپنا رسول بنا کر بھیجا۔

☆ ایک کے بعد ایک رسول آتے رہے اور اپنی قوم کے لوگوں کو سمجھاتے رہے۔

☆ بہت سے لوگوں نے ان کو رسول مانا اور ان کی اطاعت کی اور بہت سے لوگوں نے ان کو جھٹلایا، ان کو تکلیفیں پہنچائیں اور شیطان کی بات مانی۔

☆ پیغمبر اور رسول ہر زمانے میں آتے رہے اور لوگوں کو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے عذاب سے ڈراتے رہے۔

☆ اللہ تعالیٰ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر اور ان تمام انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔

☆ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ تقریباً ایک ہزار سال زندہ رہے اور پھر وفات پائی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سبق: ۸ آٹھویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# بیان

بیان: دین کی باتیں لوگوں کے سامنے پیش کرنے کو "بیان" کہتے ہیں۔

## علم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ......اَمَّا بَعْدُ!

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگیں:

"اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔"(۱)

علم ہی ایک ایسی چیز ہے جو بندہ کو اللہ تعالیٰ کی پہچان کراتا ہے۔

علم ایک روشنی ہے، جس سے جہالت کے اندھیرے ختم ہو جاتے ہیں۔

علم ایسا مخلص دوست ہے جو کبھی دھوکہ نہیں دیتا بلکہ انسان کی حفاظت کرتا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"اللہ سے ڈرتے وہی ہیں جو علم رکھنے والے ہیں۔"(۲)

علم سے انسان کے اعمال صحیح اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک قبول ہوتے ہیں۔

قرآن کریم بھی یہ اعلان کرتا ہے:

"کیا وہ جو جانتے ہیں، اور جو نہیں جانتے، سب برابر ہیں؟"(۳)

PDF Compressor Free Version



# ۳ گالی سے بچنا

صاف ستھری چیز ہر ایک کو اچھی لگتی ہے اور گندی میلی چیز سے سب کو نفرت ہوتی ہے۔

جس طرح اچھے بچے خود صاف ستھرے رہتے ہیں، اپنے کپڑے، اپنے جوتے، اپنی چیزیں بھی صاف ستھری رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہر اچھے بچے کی زبان صاف ستھری ہونا ضروری ہے۔

**یاد رکھیں!** گالی دینا گندا کام، گندی بات ہے، اس سے زبان گندی ہو جاتی ہے۔ جیسے اگر ہم کسی کو اپنے ہاتھ سے کیچڑ اٹھا کر پھینکیں تو سب سے پہلے ہمارا ہاتھ گندا ہو جائے گا، اسی طرح کسی کو گالی دینے سے ہماری اپنی زبان گندی ہو جائے گی۔

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی بڑی صاف ستھری تھی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گندی باتیں کرنے والے، لعنت دینے والے اور کسی کو گالی دینے والے نہیں تھے۔ (صحیح البخاری، الادب، باب ماینھی من السباب واللعن الرقم: ۶۰۴۶)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کی بھی یہی شان بتائی ہے۔

"ایمان والا طعنہ دینے والا لعنت کرنے والا، گندی باتیں کرنے والا اور بے شرم نہیں ہوتا۔"

(جامع الترمذی، البر والصلۃ الرقم: ۱۹۷۷)

حضرت جابر بن سُلَیم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں

میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا:

"آپ مجھے کوئی نصیحت کریں"۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا."

ترجمہ: "ہرگز کبھی کسی کو گالی مت دینا۔"

PDF Compressor Free Version



# حوالہ جات

## ایمانیات

(۱) جامع الصغیر:۱/۲۸۸: الرقم: ۳۱۸۲
(۲) جامع الترمذی، الطهارة، باب فی ما یقال بعد الوضوء، الرقم:۵۵
(۳) جامع الصغیر:۱/۳۶۸: الرقم: ۴۳۲۹
(۴) جامع الترمذی، الدعوات، باب ما یقول اذا دخل السوق، الرقم:۳۴۲۸
(۵) تعلیم الاسلام، ص:۵
(۶) ماخذہ جامع الترمذی، الایمان، باب ماجاء فی وصف جبریل، الرقم: ۲۶۱۰
(۷) ماخذہ جامع الترمذی، القدر، باب ماجاء فی الایمان، الرقم: ۲۱۴۵
(۸) صحیح المسلم، الذکر والدعاء ... باب فی اسماء اللّٰہ تعالیٰ ... الرقم: ۶۸۰۹
(۹) مسند الامام احمد، حدیث ابی امامة الباهلی، ۵/۲۶۵، الرقم: ۲۱۷۸۵
(۱۰) صحیح المسلم، الفضائل، باب تفضیل نبینا علی جمیع الخلائق، الرقم: ۵۹۳۰
(۱۱) الاحزاب: ۴۰
(۱۲) سنن ابی داؤد، الفتن، باب ذکر الفتن ودلائلها، الرقم: ۴۲۵۲
(۱۳) سورة الحجر: ۹
(۱۴) جامع الترمذی، فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل قاریء القرآن، الرقم: ۲۹۰۵

## عبادات

(۱) سنن ابی داؤد، الصلوة، باب مایقول اذا سمع المؤذن، الرقم: ۵۲۷
(۲) رد المحتار، الصلوٰة، باب الاذان، مطلب فی کراهة تکرار الجماعة فی المسجد: ۲/۷۶
(۳) سنن ابی داود، الصلوة، باب مایقول اذا سمع الاقامة، الرقم: ۵۲۸
(۴) الدر المختار مع رد المحتار، آداب الصلوٰة، ۱/۴۷۸

## احادیث

(۱) الجامع لشعب الایمان للبیهقی، الرقم: ۱۵۹۷
(۲) صحیح المسلم، البر، باب تحریم ظلم المسلم، الرقم: ۶۵۴۱
(۳) سنن ابی داؤد، الادب، باب افشاء السلام، الرقم : ۵۱۹۳
(۴) صحیح البخاری، الادب، باب الحذر من الغضب، الرقم : ۶۱۱۶
(۵) صحیح المسلم ،الصلاة، باب الامر بتحسین الصلاة...، الرقم: ۹۶۰
(۶) سنن ابی داؤد، الاطعمه، باب فی الاکل متکئاً، الرقم : ۳۷۶۹
(۷) الدر المنثور: ۲/۳۹۷
(۸) جامع الترمذی، صفة القیامة، باب حدیث حنظلة، الرقم: ۲۵۱۶
(۹) صحیح المسلم، البر...، باب تحریم الظلم ....، الرقم: ۶۵
(۱۰) سنن ابی داؤد، الفتن، باب ذکر الفتن ودلائلها الرقم: ۴۲۵۳
(۱۱) صحیح البخاری، فضائل القرآن، باب خیرکم من تعلم القرآن وعلمه، الرقم: ۵۰۲۷
(۱۲) جامع الترمذی، الطهارة، باب النهی عن البول قائماً، الرقم: ۱۲
(۱۳) صحیح المسلم، الطهارة، باب وجوب الطهارة للصلاة، الرقم: ۵۳۵
(۱۴) صحیح المسلم، البر، باب تحریم الظلم، الرقم: ۶۵۷۶
(۱۵) صحیح البخاری، الأدب، باب مایکره من النمیمة، الرقم: ۶۰۵۶
(۱۶) مسند الامام احمد: ۲/۲۵۹، الرقم: ۲۱۷۳۲
(۱۷) سنن ابی داؤد، الجنائز، باب فی ستر المیت عند غسله، الرقم: ۳۱۴۰
(۱۸) صحیح البخاری، بدء الوحی، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم، الرقم: ۱
(۱۹) صحیح المسلم المساجد، باب فضل صلوٰة العشاء والصبح فی جماعة، الرقم: ۱۴۹۳
(۲۰) صحیح البخاری، الادب، باب ماینهی من السباب واللعن، الرقم: ۶۰۴۴
(۲۱) جامع الترمذی، الاحکام، باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم، الرقم: ۱۳۳۶
(۲۲) جامع الترمذی، البر والصلة، باب ماجاء فی النصیحة، الرقم: ۱۹۲۶

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عم پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ




تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



تربیتی نصاب حصہ سوم برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ) قیمت =/130 روپے